الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کتاب وسنت کے شرعی دلائل سے معلوم ہوتا ہے کہ سالگرہ منانا بدعت ہے، جو دین میں نیا کام ایجاد کر لیا گیا ہے شریعت اسلامیہ میں اس کی کوئی دلیل نہیں ہے، اور نہ ہی اس طرح کی دعوت قبول کرنی جائز ہے، کیونکہ اس میں شریک ہونا اور دعوت قبول کرنا بدعت کی تائید اور اسے ابھارنے کا باعث ہوگا ارشاد باری تعالی ہے:

[أم لهم شركاء شرعوا لهم من الدين مالم يأذن به الله][الشوری: 21]

"کیا ان لوگوں نے (اللہ کے) ایسے شریک مقرر کر رکھے ہیں جنہوں نے ایسے احکام دین مقرر کر دیئے ہیں جو اللہ کے فرمائے ہوئے نہیں ہیں۔"

دوسری جگہ ارشاد باری تعالی ہے:

[ثم جعلناك على شريعة من الأمر فاتبعها ولا تتبع أهواء الذين لا يعلمون. إنهم لن يغنوا عنك من الله شيئاً وإن الظالمين بعضهم أولياء بعض والله ولي المتقين][الجاثیۃ: 18-19]

پھر ہم نے آپ کو دین کی راہ پر قائم کر دیا سو آپ اسی پر لگے رہیں اور نادانوں کی خواہشوں کی پیروی نہ کریں، یہ لوگ ہر گز اللہ کے سامنے آپ کے کچھ کام نہیں آ سکتے کیونکہ ظالم لوگ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہوتے ہیں اور اللہ تعالی پرہیزگاروں کا کارساز ہے۔

اور اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

[اتبعوا ما أنزل إليكم من ربكم ولا تتبعوا من دونه أولياء قليلاً ما تذكرون][الاعراف: 3]

"اللہ تعالی کی جانب سے جو تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے اس کی پیروی کرو، اور اللہ کو چھوڑ کر من گھڑت سرپرستوں کی پیروی مت کرو، تم لوگ بہت ہی کم نصیحت پکڑتے ہو۔"

اور صحیح حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

[من عمل عملاً ليس عليه أمرنا فهو رد][مسلم

"جس کسی نے بھی کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا حکم نہیں ہے تو وہ مردود ہے"

ایسی تقریبات کا بدعت اور برائی ہونے کے ساتھ ساتھ شریعت اسلامیہ میں ان کی کوئی اصل بھی نہیں ہے، بلکہ یہ تو یہود ونصاریٰ کے ساتھ مشابہت ہے، کیونکہ یہ تقریبات وہی مناتے ہیں اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو ان کے طریقہ اور راہ پر چلنے سے اجتناب کرنے کا حکم دیتے ہوئے فرمایا:

لتتبعن سنة من كان قبلكم حذو القذة بالقذة حتى لو دخلوا جحر ضب لدخلتموه: قالوا يا رسول الله: اليهود والنصارى؟.. قال: فمن) أخرجاه في الصحيحين. ومعنى قوله "فمن" أي هم المعنيون بهذا الكلام وقال صلى الله عليه وسلم: "من تشبه بقوم فهو منهم"][بخاری مسلم

"تم لوگ ضرور اپنے سے پہلے لوگوں کی پیروی اور اتباع کرو گے بالکل اسی طرح جس طرح جوتا دوسرے جوتے کے برابر ہوتا ہے، حتی کہ اگر وہ گوہ کے سوراخ اور بل میں داخل ہوئے تو تم بھی اس میں داخل ہونے کی کوشش کرو گے صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین نے عرض کیا: اے اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس سے مراد یہود ونصاریٰ ہیں؟ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور کون" اور کون؟ کا معنی یہ ہے کہ اس کلام سے مراد اور کون ہو سکتے ہیں" اور ایک حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے: "جس کسی نے بھی کسی قوم سے مشابہت اختیار کی تو وہ انہی میں سے ہے

ہذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاوی اسلامیۃ: 1/115]